© rasailojaraid.com



# خبرنامہ ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی

(۱) صدرِ ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی، گزشتہ دنوں کئی کتابچے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوئے ہیں (۱) فقہی اختلافات کی حقیقت صفحات ۲۰، قیمت ۱۰ روپے (۲) وقتِ حساب، صفحات ۲۴، قیمت ۱۰/- روپے (اس میں اسلام کے عقیدۂ آخرت اور انسانی زندگی پر اس کے اثرات سے بحث کی گئی ہے) (۳) بعض اہم اسلامی اصطلاحات اور ان کی تشریح، صفحات: ۲۸ قیمت ۱۲ روپے (اس میں موجودہ حالات کے پس منظر میں ایمان، اسلام، مسلمان، کفر کافر، جہاد، دارالاسلام، دارالحرب، جزیہ اور فسخ جیسی اصطلاحات کی وضاحت کی گئی ہے)

ابھی حال میں مولانا کی ایک کتاب "غیر اسلامی ریاست اور مسلمان" کے نام سے مرکزی مکتبہ سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب میں واضح کیا گیا ہے کہ کسی غیر اسلامی ریاست میں مسلم اقلیت کا کیا موقف ہونا چاہیے اور اسلام نے اس سلسلے میں کیا ہدایات دی ہیں؟ ایک مسلمان سے دین کے بنیادی مطالبات کیا ہیں جن پر اس کے لیے ہر جگہ اور ہر ماحول میں عمل کرنا ضروری ہے اور غیر اسلامی ریاست میں رہتے ہوئے اسے کس کردار کا مظاہرہ کرنا چاہیے؟ اس کتاب میں ان سوالوں کے جواب کے ساتھ اسلام اور مسلمانوں کے بارے میں بعض غلط فہمیوں کا ازالہ بھی کیا گیا ہے۔

صفحات: ۸۴، قیمت ۱۵/- روپے

(۲) رکنِ ادارہ مولانا سلطان احمد اصلاحی کی کتاب "آزادئ فکر و نظر اور اسلام" ادارہ سے ۱۹۹۱ء میں شائع ہوئی تھی۔ اسی سیاق میں مولانا نے ایک دوسری کتاب "اسلام اور آزادئ فکر و عمل" کے نام سے لکھی ہے۔ اس میں تفصیل سے جائزہ لیا گیا ہے کہ اسلامی ریاست میں رہنے والے غیر مسلموں کو اسلام کن میدانوں میں کتنی آزادی عطا کرتا ہے؟ یہ کتاب ان اعتراضات کا بھرپور جواب ہے کہ اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کو دبا کر رکھا جاتا ہے اور انھیں بنیادی انسانی حقوق حاصل نہیں ہوتے۔ ادارہ کے سلسلۂ مطبوعات کے تحت مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے بہت جلد اس کی اشاعت متوقع ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


صفحات ۱۳۶۔

"اسلام ایک نجات دہندہ تحریک" کے عنوان سے مولانا کا کام اب قریب التکمیل ہے۔ اس کا خاصا حصہ ماہنامہ زندگی نو میں شائع ہو چکا ہے۔

③ رکنِ ادارہ محمد رضی الاسلام ندوی کی کتاب "حضرت ابراہیم علیہ السلام حیات اور عالمی اثرات" ابھی حال ہی میں ادارہ کے سلسلۂ مطبوعات کے تحت مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے شائع ہوئی ہے۔ صفحات ۲۰۰ قیمت: ۴۰ روپے۔ ان کی ایک کتاب "اسلام پر بعض اعتراضات کا جائزہ" کے نام سے تیار ہے۔ اس میں ہندوستان کے پس منظر میں غیر مسلموں کی جانب سے اسلام کی عبادات، قرآن، سیرتِ رسول، معاشرت، تہذیب اور دیگر پہلوؤں پر کیے جانے والے اعتراضات کا معروضی اور علمی جائزہ لیا گیا ہے۔ متوقع صفحات: ۲۰۰۔ موجودہ حالات میں اس طرح کے موضوعات پر کام کی بہت اہمیت ہے۔ امید ہے یہ کتاب ادارہ کے سلسلۂ مطبوعات کے تحت مرکزی مکتبہ اسلامی سے جلد شائع ہوگی۔

④ ادارہ کی علمی سرگرمیوں کا ایک اہم جزء نوخیز اہلِ قلم کی "تصنیفی تربیت" ہے۔ اس شعبہ کے تحت دینی مدارس اور عصری جامعات کے فارغین کی ایک قابلِ ذکر تعداد نے فائدہ اٹھایا ہے اور ملک و بیرونِ ملک اہم علمی و دینی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ادارہ ایسے زیرِ تربیت افراد کو رہائش کی سہولت فراہم کرنے کے ساتھ حسبِ وسع اسکالرشپ بھی دیتا ہے۔ بعض اسباب سے، جن میں ایک اہم سبب مالیات کی عدم فراہمی ہے، گزشتہ دو سال سے یہ سرگرمی موقوف تھی۔ اس کی غیر معمولی اہمیت اور خواہش مندوں کے اصرار کے سبب ادارہ کی انتظامیہ نے اس کے احیاء کا ارادہ کیا ہے۔ اگر کچھ علم دوست اور اصحابِ خیر حضرات اس جانب توجہ فرمائیں تو اس پروگرام کو کامیابی کے ساتھ چلایا جا سکتا ہے۔

---


© rasailojaraid.com